سوال

(462) مرد اور عورت کے لیے شادی کی آئیڈیل عمر

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورت اور مرد کے لیے شادی کی مناسب عمر کون سی ہے؟ کیونکہ بعض لڑکیاں ان مردوں سے شادی کرنے کو قبول نہیں کرتی ہیں جوان سے عمر میں بڑے ہوتے ہیں۔ ایسے ہی بعض مرد اپنے سے بڑی عمر کی عورتوں سے شادی نہیں کرتے۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ آپ اس کا جواب ارشاد فرمائیں گے۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں لڑکیوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ کسی آدمی کے ساتھ محض عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے شادی سے انکار نہ کریں، مثلاً: وہ آدمی اس لڑکی سے دس سال یا بیس سال بڑا ہو تو اس کے ساتھ شادی سے انکار کا یہ کوئی معقول عذر نہیں ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ترپین سال کی عمر میں شادی کی تھی اور عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس وقت نو سال کی تھیں۔ عمر رسیدہ ہونا کوئی نقصان دہ چیز نہیں ہے۔ عورت مرد سے بڑی ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور نہ مرد کے عورت سے بڑا ہونے میں کوئی حرج ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جب شادی کی تھی تو وہ چالیس سال کی تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پچیس سال تھی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 397

محدث فتویٰ